© rasailojaraid.com



طنز و مزاح

ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات انکی

× عید کے روز ٹیلیویژن پر بے ہودہ پروگرام دکھائے گئے۔ (راجہ ظفر الحق)

پہلے کونسا اسلام کی تبلیغ ہوتی ہے۔

× وزارت خارجہ کسی اور قوت کے اشارے پر ناچ رہی ہے۔ (حمید گل)

سردار جی نوں نہ چھیڑو۔ گل صاحب!

× پیٹ پر پتھر باندھ کر فوج کی ضروریات پوری کریں گے۔ (بے نظیر)

سنا ہے کہ ان کی کمر ہی نہیں ہے خدا جانے پتھر کہاں باندھتے ہیں!

× صدر کی تنخواہ ایک لاکھ سے بڑھا کر اڑھائی لاکھ اور وزیر اعظم کی آٹھ ہزار سے بڑھا کر بیس ہزار کردی گئی۔

پھر بھی لوگ کہتے ہیں۔ ملازمین کی تنخواہ میں اضافہ نہیں ہوا۔

× سپریم کورٹ کی نئی عمارت کی پانچ افتتاحی تختیاں۔ (ایک خبر)

سستی شہرت اور چھچھورے پن کی حد ہے۔

× حضرت بلالؓ چوزے کی قربانی کرتے تھے۔ (محمد شعیب عادل)

چوزہ تیری بے بے دے سکے آوندی سی!

× سندھ ہائی کورٹ کے جسٹس کھرل ٹریفک حادثہ میں جاں بحق۔ (ایک خبر)

اب قبر کی عدالت کا سامنا کریں گے۔

× اس سال ساٹھ فیصد کم کھالیں ملیں۔ (ایدھی)

عمران خان سے مقابلہ تھا۔ کارل مارکس صاحب!

× زمیندار کے گھر نوکری نہ کرنے پر غریب محنت کش کا گھر اجاڑ دیا گیا۔ (ایک خبر)

ان ظالم وڈیروں کو خدا خوار کرے انہوں نے پورا ملک اجاڑ دیا ہے۔

× نواز شریف نے وعدے پورے نہیں کئے۔ اس لئے علیحدگی اختیار کی۔ (سردار آصف)

اور بے نظیر آپ سے کئے گئے وعدے پورے کر رہی ہے؟

× سی آئی اے کا تھانیدار چوروں کا ساتھی نکلا۔ چار سپاہی بھی شامل تھے۔ (ایک خبر)

چوروں کی چاندی ہے۔ پاکستانی شہری کہاں جائیں!

× نیا سپہ سالار کون ہو گا؟

کوئی بھی ہو۔ پاکستان کا اللہ حافظ ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



× ہائی کورٹ میں مجسٹریٹ کی پٹائی۔ (ایک خبر)

سد سقے نیاواں!

× ملزم نے غلاظت کا بھرا ہوا شاپر عدالت میں اے سی کے منہ پر دے مارا۔ ایک خبر)

کھڑاک کیتا ای جواناں!

× ڈاکوؤں سے لوٹے ہوئے زیورات پولیس نے اپنے قبضے میں لے لئے۔ (ایک خبر)

ایک ہی بات ہے۔

× وزیر داخلہ نے غیر دانشمندانہ بیان دیا۔ (نصر اللہ)

آپ نے بھی بے نظیر کو اپنی لیڈر مان کر بڑی دانش مندی کا ثبوت دیا ہے۔

× آغا حسن عابدی کو ہسپتال داخل کرا دیا گیا۔ (ایک خبر)

حالانکہ کسی بنک میں جمع کروانا چاہیئے تھا!

× آٹے کی قیمت میں کمی۔ (ایک خبر)

چٹا جھوٹ!

× سابق دور میں بدمعاشوں کو تھانیدار بھرتی کیا گیا۔ (ایک خبر)

اور اب تھانیداروں کو بدمعاش بھرتی کر رہے ہیں۔

× خدا کے سوا کسی کے سامنے سر نہ جھکائیں۔ (صدر)

ایک عورت کے سامنے جھک جانے والے کی گفتگو!

× یہودیوں سے ہماری کوئی دشمنی نہیں۔ (سردار آصف)

تہاڈے پھپھڑ لگدے نے!

× ہم اپنے محسنوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ (بے نظیر)

پنڈت نہرو۔ راجیو گاندھی۔ سیگل۔ کلنٹن وغیرہ وغیرہ

× دہشت گرد ہم پر آخری وار کر رہے ہیں۔ (عبداللہ شاہ)

فتے منہ تہاڈا!

× گورنر پنجاب چوہدری الطاف حسین انتقال کر گئے۔ (ایک خبر)

ساری تہذیبی گھٹن ختم ہو گئی۔ اب قبر میں منی سینما لگے گا۔

× سابق برطانوی وزیر اعظم ہیرالڈ ولسن انتقال کر گئے۔ (ایک خبر)

کیا ہیرا، لڈو اور لہسن بھی انتقال کرتے ہیں؟

× حکومت کراچی کے حالات سدھارنے میں آخر کتنا وقت لے گی۔ (چٹھہ)

شرم تم کو مگر نہیں آتی!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



× جیالا جرنیل لانے کی کوشش کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ٭ مشاہد)
کوئی بات نہیں۔ ضیاالحق کو بھی جیالا جرنیل سمجھ کر ہی آگے لایا گیا تھا۔

× ہم بھارتی جارحیت کا مقابلہ کرنا جانتے ہیں (میراثی)
میراثیوں کا ٹولہ اور جارحیت کا مقابلہ!

× ناہید اختر اللہ کی فقیرنی ہے۔ (علن فقیر)
اور تم شیطان کی کھیرنی ہو!

× ساڑھے تین لاکھ اساتذہ ہڑتال پر چلے گئے۔ (ایک خبر)
پہلے کون سی تعلیم دے رہے تھے؟

× انکل! بے نظیر میرے ابو کو کب چھوڑے گی؟ (پیر نبیامین کی بیٹی کا پرویزالٰہی سے سوال)
امریکن سنڈی تو رس چوس کر ہی چھوڑتی ہے۔

× حکومت دینی مدارس کی تعداد معلوم کرنے کے لئے سروے کرنا چاہتی ہے۔ (نصیر اللہ بابر)
اور دینی مدارس، بار بروں کی تعداد معلوم کرنے کے لئے سروے کرنا چاہتے ہیں۔

× تعلیمی شعبہ کو پہلی مرتبہ صحیح سمت فراہم کی۔ (وٹو)
بھرتی میں دھاندلی کے لئے وزیر تعلیم کو کھلی چھٹی دے دی۔

× ریشم سے میری زندگی کا گہرا تعلق ہے۔ (نصرت فتح علی خان)
اور ریشماں سے کیا تعلق ہے؟ شام چوراسی کے میراثی!

× ایوان میں تعینات دو پولیس اہل کار مہنگائی کا رونا رونے کے الزام میں معطل! (ایک خبر)
تہجد گذار صدارت کے سائے میں غریب پروری کی مثال!

× اکثر صنعت کار اور تاجر لٹیرے ہیں۔ (وزیر اعلیٰ سندھ)
ظالم جاگیردار اور سفاک وڈیرے بھی کم نہیں شاہ جی!

× ہمارے معاشرے پر ڈش انٹینا کے اچھے اثرات بھی ہیں۔ (وسیم سجاد)
یعنی اسے دیکھ کر بیٹا بیٹی ایک ہو جاتے ہیں۔

× ہم نے وطیرہ بنا رکھا ہے کہ سرکار دے گی تو ہم کھائیں گے۔ (سردار آصف)
آپ صحیح کہتے ہیں آپ کا وطیرہ یہی ہے۔

× حکومت نے ملتان کی ابدالی مسجد کے سامنے شراب خانہ کھولنے کی اجازت دے دی۔ (ایک خبر)
تبلیغی جماعت والوں کے لئے کھلا چیلنج!

× معلوم ہے۔ دہشت گرد کہاں تربیت حاصل کرتے ہیں۔ (این ڈی خان)
تو آپ دانستہ لوگوں کو مروا رہے ہیں!

© rasailojaraid.com

بقیہ ص ۶۰ پر

© rasailojaraid.com



# مدارس احرار اور مستقبل کے منصوبے

مجلس احرار اسلام، دینی انقلاب کی داعی جماعت ہے۔ یہ انقلاب دینی مزاج اور دینی ماحول پیدا کئے بغیر ممکن نہیں۔ اکابر احرار نے اس بات کو شدت سے محسوس کیا کہ یہ کام دینی مدارس میں ہی باحسن انجام دیا جاسکتا ہے۔ نئی نسل کی ذہن سازی اور تربیت کے لئے ان مدارس میں ایسا ماحول پیدا کیا جائے جو دینی انقلاب کی منزل کو قریب تر کردے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے شعبۂ تبلیغ کے ساتھ ساتھ شعبۂ تعلیم بھی سرگرم عمل ہے اور درج ذیل مدارس تعلیم و تدریس میں مصروف ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | مدرسہ ختم نبوت | مسجد احرار | ربوہ ضلع جھنگ فون: 211523 |
| ۲ | بخاری پبلک سکول | " | " |
| ۳ | مدرسہ معمورہ | جامع مسجد ختم نبوت | دار بنی ہاشم، ملتان فون: 511961 |
| ۴ | مدرسہ معمورہ | مسجد نور | تغلق روڈ، ملتان |
| ۵ | مدرسہ محمودیہ | مسجد المعمور | ناگڑیاں، گجرات |
| ۶ | دارالعلوم ختم نبوت | جامع مسجد چیچاوطنی | فون: 2112 |
| ۷ | احرار ختم نبوت مرکز | مسجد عثمانیہ | چیچاوطنی |
| ۸ | مدرسہ ختم نبوت | مسجد ختم نبوت | شہزاد کالونی صادق آباد |
| ۹ | مدرسہ ختم نبوت | مسجد ختم نبوت | نواں چوک، گڑھا موڑ |
| ۱۰ | مدرسۃ العلوم الاسلامیہ | جامع مسجد | گڑھا موڑ (وہاڑی) فون: 13 |
| ۱۱ | مدرسہ ابوبکر صدیق | جامع مسجد ابوبکر صدیق | تلہ گنگ (چکوال) |
| ۱۲ | بستان عائشہ (برائے طالبات) | | دار بنی ہاشم، ملتان فون: 511356 |
| ۱۳ | مدرسۃ البنات (برائے طالبات) | | گڑھا موڑ |
| ۱۴ | سادات اکیڈمی (برائے طلباء) | | دار بنی ہاشم، ملتان |
| ۱۵ | مدرسہ احرار اسلام | | بستی شام دین (قائم پور) |
| ۱۶ | مدرسہ احرار اسلام رحیمیہ | | بستی گودڑی (حاصل پور) |
| ۱۷ | مدرسہ احرار اسلام | | مسجد سیدنا علی المرتضیٰ، چکڑالہ، ضلع میانوالی |
| ۱۸ | مدرسہ و مسجد معاویہ | جھنگ روڈ | ٹوبہ ٹیک سنگھ |

ان میں سے بعض مدارس اپنے اخراجات کے سلسلہ میں خود کفیل ہیں اور جماعت کی سرپرستی میں ہی کام کر رہے ہیں۔ جن مدارس کا کفیل مرکز ہے ان میں باماشاہرہ تعلیم و تدریس اور دیگر امور سر انجام دینے والے افراد کی کل تعداد ۲۰ ہے۔ ان مدارس کے اخراجات کا سالانہ بجٹ دس لاکھ روپے ہے۔ مستقبل کے تعلیمی، تنظیمی اور تعمیری منصوبوں کی تکمیل پر تقریباً تیس لاکھ روپے خرچ ہوں گے۔ تعاون آپ کریں دعاء اور کام ہم کریں گے۔ اجر اللہ پاک دیں گے۔

ترسیل زر کے لئے:

ابن امیر شریعت: سید عطاء المحسن بخاری، دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان۔
اکاؤنٹ نمبر 29932 حبیب بینک حسین آگاہی ملتان۔

© rasailojaraid.com